سوال

طہارت

جواب

اندام نہانی میں انگلی ڈالنے سے غسل واجب نہیں ہوتا السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ اندام نہانی کے اندر انگلی ڈالنے سے کیا غسل واجب ہو جاتا ہے، اور کیا اندام نہانی سے خارج ہونے والی رطوبت (پانی) پاک ہوتی ہے یا نہیں یعنی اگر یہ کپڑے پر لگ جائے تو شرعی حکم کیا ہے۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اندام نہانی میں انگلی ڈالنے سے غسل واجب نہیں ہوتا ہے، صرف انگلی ناپاک ہو جاتی ہے ،جسے دھونا ضروری ہے۔ ہاں البتہ آلہ تناسل ڈالنے سے غسل واجب ہو جاتا ہے۔ اندام نہانی سے نکلنے والے پانی کی تین قسمیں ہیں، ان میں بعض ناپاک اور بعض پاک ہیں۔ جن کی تفصیل کے لئے دیکھیں فتوی نمبر(11926) http://www.urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/11926/0/ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی